Australian Government

Department of Health

معمّر افراد کی نگہداشت کے شعبے میں COVID-19 سے متاثر ہونے والوں کے لیے دکھ اور صدمے میں مدد

آسٹریلین حکومت آسٹریلیا میں معمّر افراد کی نگہداشت کے شعبے کے لیے دکھ، محرومی اور صدمے میں مدد فراہم کرنے والی خدمات کے لیے مالی وسائل دے رہی ہے۔ یہ خدمات نگہداشتی اداروں میں رہنے والوں، اپنے گھر میں نگہداشت حاصل کرنے والوں، ان کے پیاروں اور معمّر افراد کے نگہداشتی عملے کے لیے دستیاب ہیں۔ آپ یہ خدمات خود استعمال کر سکتے ہیں یا اپنے پیاروں اور کمیونٹی کو ان کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔

یہ خدمات سب لوگوں کے لیے مفت ہیں۔

یہ سب ادارے لوگوں کی تہذیب، مذہب، شناخت اور طرز زندگی کا احترام کرتے ہیں۔ اگر آپ کو یا آپ کے کسی پیارے کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو **131 450** پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کو فون کریں۔ اپنی زبان بتائیں اور یہ بتائیں کہ آپ کس سروس سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں۔

دکھ اور صدمے میں مدد

فون پر کاؤنسلنگ (ماہرانہ مشورہ)

دکھ اور سوگ کے لیے آسٹریلین سنٹر (Australian Centre for Grief and Bereavement) معمّر افراد کے نگہداشتی عملے، نگہداشت فراہم کرنے والوں، مذہبی اور سماجی گروہوں کو مدد دیتا ہے تاکہ وہ COVID-19 کی وجہ سے دکھ اور محرومی سے گزرنے والی اپنی کمیونٹیوں کی مدد کریں۔ **1800 222 200** پر فون کر کے مشورہ لیں کہ آپ کس طرح اپنی کمیونٹی کی مدد کر سکتے ہیں۔

جب آپ فون کریں گے تو آپ انہیں بتا سکتے ہیں کہ آپ کو اپنے لیے یا اپنے پیاروں کے لیے کس مدد کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے آپ کو گروپ کاؤنسلنگ (گروپ میں ماہرانہ مشورہ) مل سکتی ہے یا آپ ماہر کے ساتھ ٹیلی ہیلتھ پر (فون یا وڈیو کانفرنس کے ذریعے) یا خود جا کر انفرادی کاؤنسلنگ سیشن لے سکتے ہیں۔

Australian Centre for Grief and Bereavement کے پاس دو زبانیں بولنے والا عملہ ہے جو کلائنٹس کے ساتھ عربی، چیک، فارسی، فرنچ، اٹالین، جاپانی، مالٹیز، سنہالی، تامل، سپینش اور یڈیش زبانوں میں کام کرتا ہے۔ جب آپ فون کریں تو انہیں اپنی زبان بتائیں۔ دوسری زبانوں کے لیے پہلے **131 450** پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کو فون کریں اور Australian Centre for Grief and Bereavement سے بات کروانے کو کہیں۔

Australian Centre for Grief and Bereavement بہرے اور ناقص سماعت رکھنے والوں کے لیے Auslan کے استعمال کی بھی حمایت کرتا ہے۔

ڈیمنیشا کے لیے مدد

Dementia Support Australia پورے آسٹریلیا میں سال کے 365 دن اور دن کے 24 گھنٹے مدد فراہم کرتی ہے۔ یہ تنظیم ان لوگوں کو مشورہ اور تجاویز دیتی ہے جو ڈیمنشیا کے کسی مریض کی نگہداشت کرتے ہیں۔ **1800 699 799** پر اس تنظیم کو فون کریں۔ اگر آپ کو یا آپ کے کسی پیارے کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو **131 450** پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کو فون کریں اور Dementia support Australia سے بات کروانے کو کہیں۔

حمایت:

معمّر افراد کی حمایت کا نیٹ ورک (Older Persons Advocacy Network) پورے آسٹریلیا میں معمّر افراد کی نگہداشت کے سلسلے میں حمایت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ خود کو ملنے والی معمّر افراد کی نگہداشتی خدمات میں مسائل پاتے ہیں تو یہ نیٹ ورک مدد کر سکتا ہے۔ Older Persons Advocacy Network معمّر افراد، ان کے گھرانوں اور نمائندوں کو مفت،

رازدارانہ اور خودمختارانہ حمایت، معلومات اور آگہی فراہم کرتا ہے۔ **600 700 1800** پر نیٹ ورک کو فون کریں۔ اگر آپ کو یا آپ کے کسی پیارے کو انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہے تو **450 131** پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کو فون کریں اور Older Persons Advocacy Network سے بات کروانے کو کہیں۔

COVID-19 کے بارے میں مزید معلومات

یہ اہم ہے کہ سرکاری ذرائع سے آگاہ رہا جائے۔ health.gov.au دیکھیں یا **080 020 1800** پر نیشنل کرونا وائرس ہیلپ لائن کو فون کریں۔ تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات کے لیے **450 131** پر فون کریں اور نیشنل کرونا وائرس ہیلپ سے بات کروانے کو کہیں۔